# بڈھے عاشقِ نامراد مرزا قادیانی کی

# محمدی بیگم سے شادی کی جھوٹی پیشگوئی

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارماں لیکن پھر بھی کم نکلے

تحفظ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم - Tahaffuz Khatm e Nubuwwat

## محمدی سے نکاح تقدیر مبرم ۔۔۔ جو کسی صورت ٹل نہیں سکتی۔ جھوٹا کون؟ مرزا یا اسکا خدا (یلاش)؟

مرزا لکھتا ہے نفس پیشگوئی یعنی محمدی کا اسکے نکاح میں آنا تقدیر مبرم ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی اور الہام میں بھی یہ فقرہ موجود ہے کہ لاتبدیل لکلمات اللہ یعنی میری یہ بات ہرگز نہیں ٹلے گی۔ اگر ٹل جائے تو اللہ کا کلام جھوٹا ثابت ہو جائے گا (نعوذباللہ)۔ پھر کہتا ہے کہ اللہ نے اسے بتایا ہے کہ " میں اس عورت کو نکاح کے بعد واپس لاؤں گا اور تجھے دوں گا ۔۔۔ میں سب کو روکوں گا جو اس حکم کے نفاذ سے مانع ہوں گے۔ "(مجموعہ اشتہارات 2 ص 43)



وہ پہلے ہی سے مستوجب عذاب تھے جو گرچہ کچھ کر وہ بھی سخت دل اور دنیا پرست تھے اس لئے انہوں نے نہ مانا اور اسی طرح شوخی اور تمسخر کی اور دنیا کی بے اس رشتہ سے منکش
رہے مگر احمد بیگ کی وفات کے بعد ان کے دلوں پر سخت رعب طاری ہوا اور انہوں نے اس پیشگوئی کے خوف وغم کو کسی قدر اپنے دلوں پر غالب کر لیا اور اگرچہ سخت دل بہت تھے لیکن احمد بیگ کے مرنے نے ان کی کمر توڑ دی اور اسی وجہ سے ان کی طرف سے قصد اور پشیمانی کے خط بھی پہنچے اور جبکہ وہ اپنے دلوں میں بہت ڈرے اور سخت مرسال ہوئے پس ضرور تھا کہ خدا تعالیٰ اپنی سنت قدیمہ کے موافق کچھ عذاب کو کسی اور وقت پر ڈال دے مگر ان دنوں پر جبکہ وہ لوگ پھر اسی حالت پر آ گئے اور تکبر اور غفلت کی طرف کامل طور سے پھر کر لیں کیونکہ عذاب کی میعاد ایک تقدیر معلق ہوتی ہے جو خوف اور رجوع سے دوسرے وقت پر جا پڑتی ہے جیسا کہ تمام قرآن اس پر شاہد ہے۔ لیکن نفس پیشگوئی یعنی اس عورت کا اس عاجز کے نکاح میں آنا یہ تقدیر مبرم ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی کیونکہ اس کے لئے الہام الٰہی میں یہ فقرہ موجود ہے کہ لاتبدیل لکلمات اللہ۔ یعنی میری یہ بات ہرگز نہیں ٹلے گی پس اگر ٹل جائے تو خدا تعالیٰ کا کلام باطل ہوتا ہے۔ سو ان دنوں کے بعد جب خدا تعالیٰ ان لوگوں کے دلوں کو دیکھے گا کہ سخت ہو گئے اور انہوں نے اس ڈھیل اور مہلت کا قدر نہ کیا جو چند روز تک ان کو دی گئی تھی تو وہ اپنی پاک کلام کی پیشگوئی پوری کرنے کے لئے متوجہ ہوگا اور اسی طرح کرے گا جیسا کہ اس نے فرمایا کہ میں اس عورت کو اس کے نکاح کے بعد واپس لاؤں گا اور تجھے دوں گا اور میری تقدیر کبھی نہیں بدلے گی اور میرے آگے کوئی بات انہونی نہیں اور میں سب روکوں کو اٹھا دوں گا جو اس حکم کے نفاذ سے مانع ہوں۔ اب اس عظیم الشان پیشگوئی سے ظاہر ہے کہ وہ کیا کیا کرے گا اور کون کون سی قہری قدرت دکھلائے گا اور کس کس شخص کو روک کی طرح سمجھ کر اس دنیا سے اٹھا دے گا۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو قریباً سات برس سے شائع ہو چکی ہے اور

## مرزے کے خدا (یلاش) کی یقین دہانی کے باوجود پیش گوئی پوری نہ ہو سکی۔ کیوں؟

اسکے بعد مرزا قادیانی سخت بیمار ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اسے اپنی پیشگوئی پہ شک ہوتا ہے کہ وہ معنے سمجھ نہیں سکا لیکن اسی حالت میں مرزے کا خدا ایلاش اسے بتاتا ہے کہ " یہ بات تیرے رب کی طرف سے سچ ہے۔ تو کیوں شک کرتا ہے؟ "

یعنی مرزے کے شک کے باوجود اسکا خدا اسے یقین دلاتا ہے کہ پیشگوئی کے معنے وہی ہیں جو تو سمجھا اور یہ بات سچ ہے۔

(رخ، ج3، ص306)

اسکے باوجود پیش گوئی پوری نہ ہوئی۔ آخر کیوں؟



(جیسا کہ اب تک بھی جو ۱۶ اپریل ۱۸۹۱ء ہے پوری نہیں ہوئی) تو اس کے بعد اس عاجز کو ایک سخت بیماری آئی یہاں تک کہ قریب موت کے نوبت پہنچ گئی بلکہ موت کو سامنے دیکھ کر وصیت بھی کر دی گئی۔ اس وقت گویا یہ پیشگوئی آنکھوں کے سامنے آگئی اور یہ معلوم ہو رہا تھا کہ اب آخری دم ہے اور کل جنازہ نکلنے والا ہے۔ تب میں نے اس پیشگوئی کی نسبت خیال کیا کہ شاید اس کے اور معنے ہوں گے جو میں سمجھ نہیں سکا۔ تب اسی حالت قریب الموت میں مجھے الہام ہوا **الحق من ربک فلا تکونن من الممترین** یعنی یہ بات تیرے رب کی طرف سے سچ ہے تو کیوں شک کرتا ہے۔ سو اس وقت مجھ پر یہ بھید کھلا کہ کیوں خدائے تعالیٰ نے اپنے رسول کریم کو قرآن کریم میں کہا کہ تو شک مت کر۔ سو میں نے سمجھ لیا کہ درحقیقت یہ آیت ایسے ہی نازک وقت سے خاص ہے جیسے یہ وقت تنگی اور نومیدی کا میرے پر ہے اور میرے دل میں یقین ہو گیا کہ جب نبیوں پر بھی ایسا ہی وقت آ جاتا ہے جو میرے پر آیا تو خدائے تعالیٰ تازہ یقین دلانے کے لئے اُن کو کہتا ہے کہ تو کیوں شک کرتا ہے اور مصیبت نے تجھے کیوں نو امید کر دیا تو نو امید مت ہو۔

(۵) سوال:۔ ابن مریم کے اُترنے کا ذکر جو احادیث میں موجود ہے کسی نے سلف اور خلف میں سے اس کی یہ تاویل نہیں کی کہ ابن مریم کے لفظ سے جو ظاہر طور پر حضرت عیسیٰ مسیح سمجھا جاتا ہے درحقیقت یہ مراد نہیں ہے بلکہ کوئی اس کا مثیل مراد ہے۔ ماسوا اس کے اس بات پر اجماع ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے اور بغیر قرائن قویہ کے باطن کی طرف نہیں پھیرنا چاہیئے۔

اقول الجواب۔ پس واضح ہو کہ سلف اور خلف کے لئے یہ ایک ایمانی امر تھا جو پیشگوئی کو اجمالی طور پر مان لیا جائے انہوں نے ہرگز یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ہم اس پیشگوئی کی تہ تک پہنچ گئے ہیں اور درحقیقت ابن مریم سے ابن مریم ہی مراد ہے۔ اگر اُن کی طرف سے ایسا دعویٰ ہوتا تو وہ دجّال کے فوت ہو جانے کے قائل نہ ہوتے اور نہ قرآن شریف کے

اتمام حجت ہو چکا ہے اور میرے دعوے پر وہ اطلاع پا چکا ہے وہ قابل مؤاخذہ ہوگا کیونکہ خدا کے فرستادوں سے دانستہ مُنہ پھیرنا ایسا امر نہیں ہے کہ اُس پر کوئی گرفت نہ ہو۔ اس گناہ کا دادخواہ میں نہیں ہوں بلکہ ایک ہی ہے جس کی تائید کے لئے میں بھیجا گیا یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ جو شخص مجھے نہیں مانتا وہ میرا نہیں بلکہ اس کا نافرمان ہے جس نے میرے آنے کی پیشگوئی کی۔ ایسا ہی عقیدہ میرا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کے بارہ میں بھی یہی ہے کہ

بقیہ حاشیہ ﴿۱۷۹﴾

ہر ایک اُمت سے بذریعہ اُن کے نبی کے یہ عہد لیا گیا تھا کہ جب حضرت خاتم الانبیاءؐ پیدا ہوں تو اُن پر ایمان لانا اور ان کی مدد کرنا اور پھر اس پر ایک اور دلیل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعوت اسلام کے خط اس وقت کے عیسائی بادشاہوں کی طرف لکھے تھے یعنی قیصر اور مقوقس اور حبش کے بادشاہ کی طرف اس میں اَسْلِمْ تَسْلَم کا لفظ تھا۔ یعنی اسلام لا۔ اس سے تو سلامت رہے گا۔ حالانکہ بعض اُن عیسائی بادشاہوں میں سے موحد تھے۔ تثلیث کے قائل نہ تھے اور یہ ثابت شدہ امر ہے اور یہودی بھی تثلیث کے قائل نہ تھے پھر ان کو اسلام کی دعوت کیا معنے رکھتی تھی۔ وہ تو پہلے ہی اسلام میں داخل تھے۔ منه



﴿۱۷۹﴾

جس شخص کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پہنچ چکی ہے اور وہ آپ کی بعثت سے مطلع ہو چکا ہے اور خدا تعالیٰ کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے بارہ میں اس پر اتمام حجت ہو چکا ہے وہ اگر کفر پر مر گیا تو ہمیشہ کی جہنم کا سزاوار ہوگا۔

اور اتمام حجت کا علم محض خدا تعالیٰ کو ہے۔ ہاں عقل اس بات کو چاہتی ہے کہ چونکہ لوگ

# نکاح سے انکار کی صورت میں دھمکی آمیز پیشگوئیاں

مزید مرزے نے پیشگوئی کی کہ

"نکاح سے انحراف کی صورت میں لڑکی کا انجام بہت برا ہوگا اور اگر کسی اور سے بیاہی گئی تو وہ شخص روزِ نکاح سے اڑھائی سال تک مرجائے گا اور محمدی بیگم کا والد بھی تین سال تک فوت ہو جائے گا۔"

"بالآخر خدا محمدی بیگم کو اسی (مرزا قادیانی) کے نکاح میں لائے گا اور بے دینوں (محمدی بیگم کا خاندان) کو مسلمان بنادے گا اور گمراہوں میں ہدایت پھیلادے گا۔"

"خدا اس لڑکی کو تمہاری طرف واپس لائے گا۔ کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے۔" (مجموعہ اشتہارات 1، ص 158)

کرو۔ ورنہ یاد رکھو کہ مرنے کے بعد اس انکار اور تکذیب اور تکفیر سے پوچھے جاؤ گے۔ خدا تعالیٰ صاف فرماتا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ مَنْ ھُوَ مُسْرِفٌ کَذَّابٌ[1] سوچ کر دیکھو کہ اس کے یہی معنی ہیں جو شخص اپنے دعویٰ میں کاذب ہو اس کی



پیشگوئی ہرگز پوری نہیں ہوتی۔ شیخ صاحب اب وقت ہے سمجھ جاؤ اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی حیلہ پیش نہیں جائے گی اور اگر کوئی نجومی یا رمال یا جفری اس عاجز کی طرح دعویٰ کر کے کوئی پیشگوئی دکھلا سکتا ہے تو اس کی نظیر پیش کرو اور چند اخباروں میں درج کرا دو۔ اور یاد رکھو کہ ہرگز پیش نہیں کر سکو گے اور ایسا نجومی ہلاک ہوگا۔ خدا تعالیٰ تو اپنے نبی کو فرماتا ہے کہ اگر وہ ایک قول بھی اپنی طرف سے بناتا تو اس کی رگ جان قطع کی جاتی۔ پھر یہ کیونکر ہو کہ بجائے رگ جان قطع کی جانے کے اللہ جلّ شانہٗ اس عاجز کو جو آپ کی نظر میں کافر مفتری دجال کذاب ہے دشمنوں کے مقابل پر یہ عزت دی کہ تائید دعویٰ میں پیشگوئی پوری کرے۔ کبھی دنیا میں یہ ہوا ہے کہ کاذب کی خدا تعالیٰ نے ایسی مدد کی ہو کہ وہ گیارہ برس سے خدا تعالیٰ پر یہ افترا کر رہا ہو کہ اس کی وحی ولایت اور وحی محدثیت میرے پر نازل ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ

**جو شخص اپنے دعوے میں کاذب ہو اسکی پیشگوئی ہرگز پوری نہیں ہوتی۔**

**(رخ، ج5، ص 323)**

شہرت پائے گا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا۔ وکان امرا مقضیا۔

پھر خدائے کریم جلّ شانہٗ نے مجھے بشارت دے کر کہا کہ تیرا گھر برکت سے بھرے گا۔ اور میں اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کروں گا اور خواتین مبارکہ سے جن میں سے تو بعض کو اس کے بعد پائے گا۔ تیری نسل بہت ہوگی اور میں تیری ذریت کو بہت بڑھاؤں گا اور برکت دوں گا۔ مگر بعض ان میں سے کم عمری میں فوت بھی ہوں گے اور تیری نسل کثرت سے ملکوں میں پھیل جائے گی اور ہر ایک شاخ تیرے جدی بھائیوں کی کاٹی جائے گی اور وہ جلد لاولد رہ کر ختم ہو جائے گی۔ اگر وہ توبہ نہ کریں گے تو خدا اُن پر بلا پر بلا نازل کرے گا یہاں تک کہ وہ نابود ہو جائیں گے۔ اُن کے گھر بیواؤں سے بھر جائیں گے اور اُن کی دیواروں پر غضب نازل ہوگا۔ لیکن اگر وہ رجوع کریں گے تو خدا رحم کے ساتھ رجوع کرے گا۔ خدا تیری برکتیں ارد گرد پھیلائے گا اور ایک اُجڑا ہوا گھر تجھ سے آباد کرے گا* اور ایک ڈراؤنا گھر برکتوں سے بھر دے گا۔ تیری ذریت منقطع نہیں ہوگی اور آخری دنوں تک سرسبز رہے گی۔ خدا تیرے نام کو اس روز تک جو دنیا منقطع ہو جائے عزت کے ساتھ قائم رکھے گا اور تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچا دے گا۔ میں تجھے اٹھاؤں گا اور

* یہ ایک پیشگوئی کی طرف اشارہ ہے جو دہم جولائی ۱۸۸۸ء کے اشتہار میں شائع ہو چکی۔ جس کا ماحصل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس عاجز کے مخالف اور منکر رشتہ داروں کے حق میں نشان کے طور پر یہ پیشگوئی ظاہر کی ہے کہ ان میں سے جو ایک شخص احمد بیگ نام ہے۔ اگر وہ اپنی بڑی لڑکی اس عاجز کو نہیں دے گا تو تین برس کے عرصہ تک بلکہ اس سے قریب فوت ہو جائے گا اور وہ جو نکاح کرے گا وہ روز نکاح سے اڑھائی برس کے عرصہ میں فوت ہوگا۔ اور آخر وہ عورت اس عاجز کی بیویوں میں داخل ہوگی۔ سو اس جگہ اُجڑے ہوئے گھر سے وہ اُجڑا ہوا گھر مراد ہے۔ منہ

## مرزائیو! وہ اُجڑا ہوا گھر کہاں ہے جسے بھنگی موعود مرزا قادیانی نے آباد کرنا تھا؟

## یاد رہے رجوع کے بعد وہ گھر اُجڑ کر آباد ہونا تھا

"اگر احمد بیگ اپنی بڑی لڑکی اس عاجز کو نہیں دے گا تو وہ تین برس کے عرصہ تک بلکہ اس سے قریب فوت ہو جائے گا اور وہ جو نکاح کرے گا وہ روزِ نکاح سے اڑھائی برس کے عرصے تک فوت ہو جائے گا اور آخر وہ عورت (محمدی بیگم) اس عاجز کی بیویوں میں داخل ہو گی۔

(مجموعہ اشتہارات 1، ص 102)

انسان کے اختیار میں ہو بلکہ محض اللہ جلّ شانہٗ کے اختیار میں ہیں سو اگر کوئی طالب حق ہے تو ان پیشگوئیوں کے وقتوں کا انتظار کرے۔ یہ تینوں پیشگوئیاں ہندوستان اور پنجاب کی تینوں بڑی قوموں پر حاوی ہیں یعنی ایک مسلمانوں سے تعلق رکھتی ہے اور ایک ہندوؤں سے اور ایک عیسائیوں سے اور ان میں سے وہ پیشگوئی جو مسلمان قوم سے تعلق رکھتی ہے بہت ہی عظیم الشان ہے کیونکہ اس کے اجزاء یہ ہیں (۱) کہ مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری تین سال کی میعاد کے اندر فوت ہو (۲) اور پھر داماد اُس کا جو اس کی دختر کلاں کا شوہر ہے اڑھائی سال کے اندر فوت ہو (۳) اور پھر یہ کہ مرزا احمد بیگ تا روز شادی دختر کلاں فوت نہ ہو (۴) اور پھر یہ کہ وہ دختر بھی تا نکاح اور تا ایام بیوہ ہونے اور نکاح ثانی کے فوت نہ ہو (۵) اور پھر یہ کہ یہ عاجز بھی ان تمام واقعات کے پورے ہونے تک فوت نہ ہو (۶) اور پھر یہ کہ اس عاجز سے نکاح ہو جاوے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تمام واقعات انسان کے اختیار میں نہیں۔

اور اگر اب بھی یہ تمام ثبوت میاں عطا محمد صاحب کے لئے کافی نہ ہوں تو پھر طریق سہل یہ ہے کہ اس تمام رسالہ کو غور سے پڑھنے کے بعد بذریعہ کسی چھپے ہوئے اشتہار کے مجھ کو اطلاع دیں کہ میری تسلی ان اُمور سے نہیں ہوئی اور میں ابھی تک افترا سمجھتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ میری نسبت کوئی نشان ظاہر ہو تو میں انشاء اللہ القدیر اُن کے بارہ میں توجہ کروں گا اور میں یقین رکھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کسی مخالف کے مقابل پر مجھے مغلوب نہیں کرے گا کیونکہ میں اُس کی طرف سے ہوں اور اُسکے دین کی تجدید کیلئے اُس کے حکم سے آیا ہوں لیکن چاہیئے کہ وہ اپنے اشتہار میں مجھے عام اجازت دیں کہ جس طور سے میں ان کے حق میں الہام پاؤں اس کو شائع کراؤں اور مجھے تعجب ہے کہ جس حالت میں مسلمانوں کو کسی مجدد کے ظاہر ہونے کے وقت خوش ہونا چاہیئے یہ پیچ وتاب کیوں ہے اور کیوں ان کو بُرا لگا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے دین کی حجت پوری کرنے کیلئے ایک شخص کو مامور کر دیا ہے لیکن مجھے معلوم ہوا ہے کہ حال کے اکثر مسلمانوں کی ایمانی حالت نہایت ردّی ہو گئی ہے اور فلسفہ کی موجودہ زہر نے ان کے اعتقاد کی بیخ کنی کر دی ہے ان کی زبانوں پر بے شک اسلام ہے لیکن دل اسلام سے بہت دُور جا پڑے

## پیشگوئی کے چھ اجزاء

مرزے کے مطابق اس پیشگوئی کے چھ اجزاء ہیں جن میں سے دوسرا اجزو یہ ہے کہ محمدی کا شوہر اڑھائی سال کے اندر فوت ہو۔

آخری جزو یہ ہے "اور پھر یہ کہ اس عاجز سے نکاح ہو جاوے۔" (رخ ج 6، ص 376)

چھ اجزاء کا مطلب یہ ہے کہ یہ چھ اجزاء پورے ہونگے تو ہی پیشگوئی پوری ہو گی اور یاد رہے کہ یہاں کسی شرط کا بھی ذکر نہیں کہ فلاں شرط پوری ہو گئی یا فلاں کام ہو گیا تو فلاں جزو کینسل ہو جائے گا۔ ایسا کچھ نہیں لکھا ہوا۔

اصلاح کے لئے اور خدمات ضروریہ کے مناسب حال ایک بندہ بھیجا اور اُس کا نام مسیح موعود رکھا۔ یہ خدا کا فعل تھا جو عین ضرورت کے دنوں میں ظہور میں آیا اور آسمان نے اس پر گواہی دی۔ اور بہت سے نشان ظہور میں آئے لیکن تب بھی اکثر مسلمانوں نے اس کو قبول نہ کیا بلکہ اس کا نام کافر اور دجال اور بے ایمان اور مکّار اور خائن اور دروغگو اور عہد شکن اور مال خور اور ظالم اور لوگوں کے حقوق دبانے والا اور انگریزوں کی خوشامد کرنے والا رکھا۔ اور جو چاہا اس کے ساتھ سلوک کیا اور بہتوں نے یہ عذر پیش کیا کہ جو الہامات اس شخص کو ہوتے ہیں وہ سب شیطانی ہیں یا اپنے نفس کا افترا ہے۔ اور یہ بھی کہا کہ

---

بقیہ حاشیہ: کے داماد کی نسبت اور چار میں سے تین مر گئے اور ایک باقی ہے جس کی نسبت شرطی پیشگوئی ہے جیسا کہ آتھم کی شرطی تھی۔ اب بار بار شور مچاتا کہ یہ چوتھی بھی کیوں جلدی پوری نہیں ہوتی۔ اور اس وجہ سے تمام پیشگوئیوں کی تکذیب کرنا کیا یہ ان لوگوں کا کام ہے جو خدا سے ڈرتے ہیں؟ اے متعصب لوگو! اس قدر جھوٹ بولنا تمہیں کس نے سکھایا؟ ایک مجلس مثلاً بٹالہ میں مقرر کرو اور پھر شیطانی جذبات سے دور ہو کر میری تقریر سنو۔ پھر اگر ثابت ہو کہ میری سَو پیشگوئی میں سے ایک بھی جھوٹی نکلی ہو تو میں اقرار کروں گا کہ میں کاذب ہوں اور اگر یوں بھی خدا سے لڑتا ہے تو صبر کرو اور اپنا انجام دیکھو۔ منہ

اگر ثابت ہو کہ میری سو (100) پیشگوئیوں میں سے ایک بھی جھوٹی نکلی ہو تو میں اقرار کروں گا کہ میں کاذب ہوں۔

(رخ، ج 17، ص 461)

اور شہروں اور دیہات میں توہین اسلام کرنے لگا تب وہ میعاد کے اندر ہی اپنی اس بداعمالی کی وجہ سے پکڑا گیا اور وہ زبان اُس کی جو گالی اور بدزبانی میں چھری کی طرح چلتی تھی اسی چھری نے اس کا کام تمام کر دیا۔

(۴۱) رہا احمد بیگ کا داماد پس ہر ایک شخص کو معلوم ہے کہ یہ پیشگوئی دو شخصوں کی نسبت تھی۔ ایک احمد بیگ کی نسبت اور دوسری اُس کے داماد کی نسبت۔ سو ایک حصہ اس پیشگوئی کا میعاد کے اندر ہی پورا ہو گیا یعنی احمد بیگ میعاد کے اندر مر گیا اور اس طرح پر ایک ٹانگ پیشگوئی کی پوری ہو گئی۔ اب دوسری ٹانگ جو باقی ہے اس کی نسبت جو اعتراض ہے افسوس کہ وہ دیانت کے ساتھ پیش نہیں کیا جاتا اور آج تک کسی معترض کے منہ سے میں نے یہ نہیں سنا کہ وہ اس طرح پر اعتراض کرے کہ اگرچہ اس پیشگوئی کا ایک حصہ پورا ہو چکا ہے اور ہم بصدق دل اعتراف کرتے ہیں کہ وہ پورا ہوا مگر دوسرا حصہ اب تک پورا نہیں ہوا بلکہ یہودیوں کی طرح پورا ہونے والا حصہ بالکل مخفی رکھ کر اعتراض کرتے ہیں۔ کیا ایسا شیوہ ایمان اور حیا اور راستبازی کے مطابق ہے؟ اب قطع نظر ان کی خائنانہ طرز گفتگو کے جواب یہ ہے کہ یہ پیشگوئی بھی آتھم کی پیشگوئی کی طرح مشروط بشرط ہے یعنی یہ لکھا گیا تھا کہ اس شرط سے وہ میعاد کے اندر پوری ہوگی کہ ان دونوں میں سے کوئی شخص خوف اور خشیت ظاہر نہ کرے سو احمد بیگ کو یہ خوفناک علامت پیش نہ آئی اور وہ پیشگوئی کو خلاف واقعہ سمجھتا رہا مگر احمد بیگ کے داماد اور اس کے عزیزوں کو یہ خوفناک حالت پیش آگئی کیونکہ احمد بیگ کی موت نے ان کے دلوں پر ایک لرزہ ڈال دیا جیسا کہ انسانی فطرت میں داخل ہے کہ سخت انسان نمونہ دیکھنے کے بعد ضرور ہراساں ہو جاتا ہے سو ضرور تھا کہ اس کو بھی مہلت دی جاتی۔ سو یہ تمام اعتراضات جہالت اور ناپاکی اور تعصب کی وجہ سے ہیں نہ دیانت اور حق طلبی کی وجہ سے جس شخص کے ہاتھ سے اب تک دس لاکھ سے زیادہ نشان ظاہر ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ کیا اگر ایک یا دو پیشگوئیاں اُس کی کسی جاہل اور بدفہم اور غبی کو سمجھ میں نہ آویں تو اس سے یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ وہ تمام پیشگوئیاں صحیح نہیں۔ میں یہ بات حتمی وعدہ سے لکھتا ہوں کہ اگر کوئی مخالف خواہ عیسائی ہو خواہ [illegible] مسلمان۔ میری پیشگوئیوں کے

## مرزا قادیانی کی ایک تاویل اور اُسکا جواب

مرزائی مرزا کی اس تحریر سے یہ تاویل کرتے ہیں کہ محمدی سے شادی پیشگوئی کا حصہ نہیں

لیکن مرزا قادیانی نے خود ہی اپنی اس دلیل کو توڑ دیا۔

اگلے پیج پہ مرزا قادیانی کی تحریر ملاحظہ کیجئے جو اس تاویل کا جواب ہے۔

# بھنگی موعود مرزا قادیانی کے اپنے سگے بیٹے

# سلطان احمد پہ جھوٹے الزامات

محمدی بیگم سے شادی اور مرزے کی شیطانیت کی مخالفت کرنے پہ مرزا قادیانی نے اپنے سگے بیٹے سلطان احمد اور اسکی ماں کو قطع تعلقی کی دھمکیاں دیں اور سلطان احمد پہ رسول ﷺ کے دین کی مخالفت، دینِ اسلام کی ہتک اور خدا سے تعلق توڑنے کے جھوٹے الزامات لگائے۔

(مجموعہِ اشتہارات 1، ص 220)



جتلا دینے کی کیا ضرورت اور کیا غرض تھی۔ اور یہی تھا۔ اور وہی اس کو اپنے فضل و کرم
سے ظہور میں لاتا۔ مگر اس کام کے مدار الہام وہ لوگ ہو گئے جن پر اس عاجز کی اطاعت
فرض تھی اور ہر چند سلطان احمد کو سمجھایا اور بہت تاکیدی خط لکھے کہ تو اور تیری والدہ
اس کام سے الگ ہو جائیں ورنہ میں تم سے جدا ہو جاؤں گا۔ اور تمہارا کوئی حق نہیں رہیگا
مگر انہوں نے میرے خط کا جواب تک نہ دیا۔ اور بکلی مجھ سے بیزاری ظاہر کی۔ اگر ان کی
طرف سے ایک تیز تلوار کا بھی مجھے زخم پہنچتا تو بخدا میں اس پر صبر کرتا۔ لیکن انہوں نے
دینی مخالفت کر کے اور دینی مقابلہ سے آزار دے کر مجھے بہت ستایا۔ اور اس حد تک
میرے دل کو توڑ دیا کہ میں بیان نہیں کر سکتا اور عمداً چاہا کہ میں سخت ذلیل کیا جاؤں۔
سلطان احمد ان دو بڑے گناہوں کا مرتکب ہوا **اوّل** یہ کہ اس نے رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے دین کی مخالفت کرنی چاہی۔ اور یہ چاہا کہ دین اسلام پر تمام مخالفوں کا
حملہ ہو۔ اور یہ اپنی طرف سے اس نے ایک بنیاد رکھی ہے اس امید پر کہ یہ جھوٹے
ہو جائیں گے اور دین کی ہتک ہو گی۔ اور مخالفوں کی فتح۔ اس نے اپنی طرف سے
مخالفانہ تلوار چلانے میں کچھ فرق نہیں کیا۔ اور اس نادان نے نہ سمجھا کہ خداوند قدیر و غیور
اس دین کا حامی ہے اور اس عاجز کا بھی حامی۔ وہ اپنے بندہ کو کبھی ضائع نہ کریگا۔
اگر سارا جہان مجھے برباد کرنا چاہے تو وہ اپنی رحمت کے ہاتھ سے مجھ کو تھام لے گا۔
کیونکہ میں اس کا ہوں اور وہ میرا۔ **دوم** سلطان احمد نے مجھے جو میں اس کا باپ
ہوں سخت ناچیز قرار دیا اور میری مخالفت پر کمر باندھی اور قولی اور فعلی طور پر اس
مخالفت کو کمال تک پہنچایا۔ اور میرے دینی مخالفوں کو مدد دی اور اسلام کی ہتک بدل و
جان منظور رکھی۔ سو چونکہ اس نے دونوں طور کے گناہوں کو اپنے اندر جمع کیا۔ اپنے خدا
کا تعلق بھی توڑ دیا اور اپنے باپ کا بھی۔ اور ایسا ہی اس کی دونوں والدہ نے کیا۔
سو جبکہ انہوں نے کوئی تعلق مجھ سے باقی نہ رکھا۔ اس لئے میں نہیں چاہتا کہ اب ان کا

(٥٧)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی

[illegible]

# اشتہار نصرت دین و قطع تعلق از اقارب مخالف دین

علیٰ ملت ابراہیم حنیفا

چوں بدنداں تو کرمے او فتد ؛ آں نہ دندانی بکن اے اوستاد

ناظرین کو یاد ہوگا کہ اس عاجز نے ایک دینی خصومت کے پیش آجانے کی وجہ سے ایک نشان کے مطالبہ کے وقت اپنے ایک قریبی مرزا احمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ ہوشیارپوری کی دختر کلاں کی نسبت بحکم و الہام الٰہی یہ اشتہار دیا تھا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے یہی مقدر اور قرار یافتہ ہے کہ وہ لڑکی اس عاجز کے نکاح میں آئے گی خواہ پہلے ہی باکرہ ہونے کی حالت میں آجائے اور یا خدا تعالیٰ بیوہ کر کے اس کو میری طرف لے آوے۔ چنانچہ تفصیل ان کل امور مذکورہ بالا کی اسی اشتہار میں درج ہے۔ اب باعث تحریر اشتہار ہذا یہ ہے کہ میرا بیٹا سلطان احمد جو نائب تحصیلدار لاہور میں ہے اور اس کی تائی صاحبہ جنہوں نے اس کو بیٹا بنایا ہوا ہے، وہی اس مخالفت پر آمادہ ہوگئے ہیں۔ اور یہ سارا کام اپنے ہاتھ میں لے کر اس تجویز میں ہیں کہ عید کے دن یا اس کے بعد اس لڑکی کا کسی سے

خدا تعالیٰ کی طرف سے یہی مقدر اور قرار یافتہ ہے کہ وہ لڑکی اِس عاجز کے نکاح میں آئے گی۔ خواہ باکرہ ہونے کی حالت میں آجائے یا خدا تعالیٰ بیوہ کر کے اسکو میری طرف لے آوے۔

(مجموعہ اشتہارات 1، ص 219)

ıttps://www.alislam.org/l

9

ZOOM: WIDTH



ہو کہ رسول اللہ صلعم کی زیارت ہوئی اور آپ نے اپنی زیارت کی علامت فلاں فلاں پیشگوئی اور قبولیت
دعا اور انکشاف حقائق و معارف کو بیان فرمایا پھر بعد اسکے رسول نمائی کی دعوت کریں اور یہ عاجز حق کی
تائید کی غرض سے اس بات کیلئے بھی حاضر ہے کہ میر صاحب رسول نمائی کا اعجوبہ بھی دکھلا دیں قادیان
میں آجائیں مسجد موجود ہے ان کے آنے جانے اور خوراک کا تمام خرچ اس عاجز کے ذمہ ہوگا اور یہ
عاجز تمام ناظرین پر ظاہر کرتا ہے کہ یہ صرف لاف وگزاف ہے اور کچھ نہیں دکھلا سکتے۔ اگر آئیں گے تو
اپنی پردہ دری کرائیں گے۔ عقلمند سوچ سکتے ہیں کہ جس شخص نے بیعت کی مریدوں کے حلقہ میں
داخل ہوا اور مدت دس سال سے اس عاجز کو خلیفۃ اللہ اور امام اور مجدد کہتا رہا اور اپنی خوابیں بتلاتا رہا کیا
وہ اس دعویٰ میں صادق ہے میر صاحب کی حالت نہایت قابل افسوس ہے خدا ان پر رحم کرے۔
پیشگوئیوں کے منتظر رہیں جو ظاہر ہوں گی۔ ازالہ اوہام کے صفحہ ۸۵۵ کو دیکھیں ازالہ اوہام کے
صفحہ ۱۳۵۔ اور ۳۹۶ کو بغور مطالعہ کریں۔ اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء کی پیشگوئی کا انتظار کریں۔ جس
کے ساتھ یہ بھی الہام ہے ویستلونک احق ھو قل ای وربی انہ لحق وما انتم
بمعجزین۔ زوجناکھا لا مبدل لکلماتی۔ وان یروا ایۃ یعرضوا و یقولوا سحر
مستمر۔ اور تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا یہ بات سچ ہے۔ کہہ ہاں مجھے اپنے رب کی قسم ہے کہ یہ سچ ہے
اور تم اس بات کو وقوع میں آنے سے روک نہیں سکتے۔ ہم نے خود اس سے تیرا عقد نکاح باندھ دیا ہے
میری باتوں کو کوئی بدلا نہیں سکتا اور نشان دیکھ کر منہ پھیر لیں گے اور قبول نہیں کریں گے اور کہیں گے کہ
یہ کوئی پکا فریب یا پکا جادو ہے۔

[illegible]

والسلام علی من فھم اسرارنا واتبع الھدیٰ

الناصح المشفق خاکسار غلام احمد قادیانی۔ ۲۷۔ دسمبر ۱۸۹۱ء

مرزے کے خدا نے محمدی
سے اسکا عقد نکاح باندھ دیا۔
افسوس! پھر بھی مرزائیوں
کی ام المومنین مرزا سلطان
احمد کے بچے پیدا کرتی رہی۔

"کہ ہاں مجھے اپنے رب کی
قسم ہے کہ یہ سچ ہے اور تم
اس بات کو وقوع میں آنے
سے روک نہیں سکتے۔
ہم نے خود اس سے تیرا عقد
نکاح باندھ دیا ہے۔ میری
باتوں کو کوئی بدلا نہیں سکتا۔"

(رخ ج4 ص350)

اسے اس لئے دیتا ہوں کہ کہیں وہ منہ کے بل آگ میں نہ جا پڑے۔ یعنی تالیفِ قلب کے طور پر دیتا ہوں کہ کہیں اسے ابتلا نہ آجاوے۔ قاضی صاحب نے بیان کیا کہ جس کے ایمان کی حالت مطمئن ہو اسے اس ظاہری عزت اور خاطر مدارات کی ضرورت نہیں ہوتی اس کے ساتھ اور طریق پر معاملہ ہوتا ہے۔

﴿41﴾ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔** بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اوائل سے ہی مرزا فضل احمد کی والدہ سے جن کو لوگ عام طور پر ''پھجے دی ماں'' کہا کرتے تھے بے تعلقی سی تھی جس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت صاحب کے رشتہ داروں کو دین سے سخت بے رغبتی تھی اور ان کا ان کی طرف میلان تھا اور وہ اسی رنگ میں رنگین تھیں اس لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ان سے مباشرت ترک کر دی تھی ہاں آپ اخراجات وغیرہ باقاعدہ دیا کرتے تھے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ میری شادی کے بعد حضرت صاحب نے انہیں کہلا بھیجا کہ آج تک تو جس طرح ہوتا رہا ہوتا رہا اب میں نے دوسری شادی کر لی ہے اس لئے اب اگر دونوں بیویوں میں برابری نہیں رکھوں گا تو میں گنہگار ہوں گا اس لئے اب دو باتیں ہیں یا تو تم مجھ سے طلاق لے لو اور یا مجھے اپنے حقوق چھوڑ دو میں تم کو خرچ دیئے جاؤں گا۔ انہوں نے کہلا بھیجا کہ اب میں بڑھاپے میں کیا طلاق لوں گی بس مجھے خرچ ملتا رہے میں اپنے باقی حقوق چھوڑتی ہوں۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں چنانچہ پھر ایسا ہی ہوتا رہا حتٰی کہ محمدی بیگم کا سوال اٹھا اور آپ کے رشتہ داروں نے مخالفت کر کے محمدی بیگم کا نکاح دوسری جگہ کرا دیا اور فضل احمد کی والدہ نے ان سے قطع تعلق نہ کیا بلکہ ان کے ساتھ رہی تب حضرت صاحب نے ان کو طلاق دے دی۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضرت صاحب کا یہ طلاق دینا آپ کے اس اشتہار کے مطابق تھا جو آپ نے ۲ مئی ۱۸۹۱ء کو شائع کیا اور جس کی سرخی تھی **''اشتہار نصرت دین و قطع تعلق از اقارب مخالف دین''** اس میں آپ نے بیان فرمایا تھا کہ اگر مرزا سلطان احمد اور ان کی والدہ اس امر میں مخالفانہ کوشش سے الگ نہ ہو گئے تو پھر آپ کی طرف سے مرزا سلطان احمد عاق اور محروم الارث ہوں گے اور ان کی والدہ کو آپ کی طرف سے طلاق ہوگی۔ والدہ صاحبہ فرماتی تھیں کہ فضل احمد نے اس وقت اپنے آپ کو عاق ہونے سے بچا لیا۔ نیز والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ اس واقعہ کے بعد ایک دفعہ

## مسز سلطان بیگ کے غم عشق میں نڈھال عاشق نامراد نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی۔ بیٹے عاق اور محروم الارث۔۔ رشتے داروں سے قطع تعلقی

مرزے کی بے حیائی اور شیطانیت کی مخالفت اُسکے اپنے بیوی بچوں نے کی۔

محمدی بیگم سے شادی کی مخالفت کرنے پہ مرزے نے پھجے دی ماں (مرزے کی پہلی بیوی حرمت بی بی) اور اپنے بیٹوں سلطان احمد اور فضل احمد کو خوب ڈرایا دھمکایا۔ جائیداد سے عاق کرنے کی دھمکیاں دیں اور "پھجے دی ماں" کو طلاق دے دی۔

(سیرت المہدی ج1، ص30)

# جھوٹا کون؟ باپ یا بیٹا؟؟؟

یہاں مرزے کا بیٹا کہہ رہا ہے کہ یہ بات جھوٹ ہے کہ اس پیشگوئی کی اصل غرض محمدی بیگم سے شادی کرنا تھی۔ (سیرت المہدی ج 1، ص 188)

جبکہ مرزا قادیانی لکھتا ہے نفسِ پیشگوئی یعنی اس عورت کا اس عاجز کے نکاح میں آنا یہ تقدیرِ مبرم ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی۔ (مجموعہ اشتہارات 2، ص 43)

مرزے کے مطابق تو نفس پیشگوئی ہی محمدی سے شادی تھی اور بیٹا باپ ہی کو جھٹلا رہا ہے۔

مرزے کے بیٹے کے مطابق نکاح ہو جانے سے مرزے کی صداقت ظاہر ہونی تھی۔ (نکاح نہ ہونے کا مطلب پھر تو یہی ہوا کہ مرزا جھوٹا تھا۔ سچا ہوتا تو نکاح ہو جاتا اور صداقت ظاہر ہو جاتی۔) تمھارا کیا خیال ہے مرزائیو!؟



محفوظ کرنا نادانی ہے۔ زیر بحث تو وہ خاص انفرادی عذاب ہیں جو ان لوگوں کو پہنچتے ہیں جو رسول کے مقابل پر کھڑے ہوتے ہیں ایسے عذاب محض انکار پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ فساد فی الارض اور سرکشی اور تمرد سے آتے ہیں۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت صاحب نے جو اس رشتہ کی کوشش میں اپنے بعض رشتہ داروں کو خط لکھے اور ان کے لئے بڑی جدوجہد کی اس سے ثابت ہوتا ہے کہ پیشگوئی کی اصل غرض محمدی بیگم کا نکاح تھی مگر یہ ایک سراسر باطل بات ہے۔ بلکہ پیشگوئی کے الفاظ سے یہ غرض ثابت نہیں ہوتی اور جب کہ حضرت صاحب کی تحریرات میں یہ بات صاف طور پر لکھی ہوئی موجود ہے کہ پیشگوئی کی غرض نکاح نہ تھی بلکہ قدرت نمائی تھی اور ایک دفعہ نہیں بلکہ بار بار حضرت صاحب نے اسے کھول کھول کر بیان کر دیا اور محمدی بیگم کے مرزا سلطان محمد کے ساتھ بیاہے جانے سے پہلے بھی اور بیاہے جانے کے بعد بھی اس غرض کا اظہار کیا۔ یعنی برابر اس وقت سے جب کہ ابھی محمدی بیگم بیاہی بھی نہ گئی تھی اور اس پیشگوئی کے متعلق اعتراض وغیرہ نہ تھا۔ حضرت صاحب ہمیشہ یہی بیان کرتے چلے آئے ہیں کہ اس کی غرض محمدی بیگم کو نکاح میں لانا نہیں بلکہ قدرت الٰہی کا ایک نشان دکھانا ہے۔ تو نکاح کی کوشش کرنے اور اپنے بعض رشتہ داروں کو اس کوشش کے متعلق خطوط لکھنے سے یہ استنباط کس طرح ہو سکتا ہے کہ پیشگوئی کی غرض نکاح کرنا تھی۔ کیا ایسے رکیک استنباطوں سے نصوص صریح کا رد کرنا جائز ہے۔ رشتہ کی کوشش اور اس کیلئے رشتہ داروں کو تحریک تو فقط اس غرض سے تھی کہ اس وقت تک چونکہ محمدی بیگم کا مرزا سلطان محمد سے نکاح نہ ہوا تھا۔ اس لئے حضرت صاحب کی خواہش اور کوشش تھی کہ محمدی بیگم کا نکاح آپ کے ساتھ ہو جاوے تا آپ کے رشتہ دار خدا کی رحمت اور برکت سے حصہ پاویں اور خدا کا نشان پورا ہو اور آپ کی صداقت ظاہر ہو۔ اس سے پیشگوئی کی غرض کے متعلق کس طرح استدلال ہو سکتا ہے۔ اس جگہ اس بات کو بھی یاد رکھنا چاہئے کہ جب تک محمدی بیگم کا مرزا سلطان محمد کے ساتھ نکاح نہیں ہوا تھا محمدی بیگم کا حضرت صاحب کے رشتہ میں آنا رشتہ داروں کیلئے ایک نشان رحمت تھا لیکن جب محمدی بیگم مرزا سلطان محمد کے عقد میں چلی گئی اور آپ کے رشتہ داروں نے تمرد سے کام لیا تو اب محمدی بیگم کا حضرت صاحب کی طرف لوٹنا مرزا سلطان محمد کے عذاب میں مبتلا ہونے کے

# پیشگوئی کے مطابق چھ دعوے



وقت تک مرجائے گا مگر میری اس پیشگوئی میں نہ ایک بلکہ چھ دعوے ہیں۔ اوّل نکاح کے وقت تک میرا زندہ رہنا۔ دوم نکاح کے وقت تک اس لڑکی کے باپ کا یقیناً زندہ رہنا۔ سوم پھر نکاح کے بعد اس لڑکی کے باپ کا جلدی سے مرنا جو تین برس تک نہیں پہنچے گا۔ چہارم اس کے خاوند کا اڑھائی برس کے عرصہ تک مرجانا۔ پنجم اس وقت تک کہ میں اس سے نکاح کروں اس لڑکی کا زندہ رہنا۔ ششم پھر آخر یہ بیوہ ہونے کی تمام رسموں کو توڑ کر باوجود سخت مخالفت اس کے اقارب کے میرے نکاح میں آجانا۔ اب

مرزے کے مطابق اس نے جو پیش گوئی کی اس میں چھ دعوے ہیں۔

جس میں چوتھا دعویٰ ہے "اسکے (محمدی کے) خاوند کا اڑھائی برس کے عرصے تک مرجانا۔"

اور آخری دعویٰ ہے "پھر آخر یہ بیوہ ہونے کی تمام رسموں کو توڑ کر باوجود سخت مخالفت اسکے اقارب کے میرے نکاح میں آجانا۔"

پیشگوئی کے ان چھ دعووں کا مطلب یہی ہے کہ یہ چھ دعوے پورے ہونگے تو ہی پیشگوئی پوری ہوگی۔ اور ان چھ دعووں میں مرزے نے کہیں بھی کسی شرط کا ذکر نہیں کیا کہ فلاں بندہ توبہ کرے گا یا ڈر جائے گا تو پیشگوئی ٹل جائے گی یا کوئی دعویٰ کینسل ہو جائے گا۔

مرزا احمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ ہوشیار پوری کی دخترِ کلاں انجام کار تمھارے نکاح میں آئے گی۔۔ باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کر کے۔

"خدا تعالیٰ ہر طرح سے اس کو تمھاری طرف لائے گا۔ باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کر کے اور ہر ایک کو درمیان سے اٹھاوے گا اور اس کام کو ضرور پورا کرے گا کوئی نہیں جو اسکو روک سکے۔"

(رخ، ج3، ص305)





راقم رسالہ ہذا اس مقام میں خود صاحبِ تجربہ ہے۔ عرصہ قریباً تین برس کا ہوا ہے کہ بعض تحریکات کی وجہ سے جن کا مفصل ذکر اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء میں مندرج ہے خدائے تعالیٰ نے پیشگوئی کے طور پر اس عاجز پر ظاہر فرمایا کہ **مرزا احمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ ہوشیار پوری** کی دخترِ کلاں انجام کار تمہارے نکاح میں آئے گی اور وہ لوگ بہت عداوت کریں گے اور بہت مانع آئیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو لیکن آخر کار ایسا ہی ہوگا اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ ہر طرح سے اس کو تمہاری طرف لائے گا باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کر کے اور ہر یک روک کو درمیان سے اٹھاوے گا اور اس کام کو ضرور پورا کرے گا کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔ چنانچہ اس پیشگوئی کا مفصل بیان معہ اس کی میعاد خاص اور اس کے اوقات مقررہ شدہ کے اور معہ اس کے اُن تمام لوازم کے جنہوں نے انسان کی طاقت سے اُس کو باہر کر دیا ہے اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء میں مندرج ہے اور وہ اشتہار عام طور پر طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے جس کی نسبت آریوں کے بعض منصف مزاج لوگوں نے بھی شہادت دی کہ اگر یہ پیشگوئی پوری ہو جائے تو بلاشبہ یہ خدائے تعالیٰ کا فعل ہے۔ اور یہ پیشگوئی ایک سخت مخالف قوم کے مقابل پر ہے جنہوں نے گویا دشمنی اور عناد کی تلواریں کھینچی ہوئی ہیں اور ہر یک کو جو ان کے حال سے خبر ہوگی وہ اس پیشگوئی کی عظمت خوب سمجھتا ہوگا۔ ہم نے اس پیشگوئی کو اس جگہ مفصل نہیں لکھا تا بار بار کسی متعلق پیشگوئی کی دل شکنی نہ ہو لیکن جو شخص اشتہار پڑھے گا وہ گو کیسا ہی متعصب ہوگا اس کو اقرار کرنا پڑے گا کہ مضمون اس پیشگوئی کا انسان کی قدرت سے بالاتر ہے اور اس بات کا جواب بھی کامل اور مسکت طور پر اسی اشتہار سے ملے گا کہ خدائے تعالیٰ نے کیوں یہ پیشگوئی بیان فرمائی اور اس میں کیا مصالح ہیں۔ اور کیوں اور کس دلیل سے یہ انسانی طاقتوں سے بلند تر ہے۔

اب اس جگہ مطلب یہ ہے کہ جب یہ پیشگوئی معلوم ہوئی اور ابھی پوری نہیں ہوئی تھی

# بلی کے خواب میں چھیچھڑے

محمدی بیگم کی شادی ہو جانے کے بعد بھی مرزے کا خدا (یلاش) اسے جھوٹی تسلیاں دیتا رہا اور مرزا محمدی بیگم سے شادی کی جھوٹی پیشگوئیاں گھڑ تا رہا۔

"ہم انھیں اس بیوہ کے متعلق بھی اپنا ایک نشان دکھائیں گے اور اسے تیری طرف لوٹائیں گے۔ یہ امر ہماری جانب سے مقدر ہو چکا ہے"

"ہم نے اسکو تیرے ساتھ ملا دیا ہے۔ اللہ کی باتیں ٹل نہیں سکتیں۔" (تذکرہ، ص 198)

# یلاش نے مرزے کو مبارکباد دی

**١٨٩٣ء**

"وَبَشَّرَنِي رَبِّي وَقَالَ إِنَّا مُهْلِكُوْا بَعْلِهَا كَمَا أَهْلَكْنَا أَبَاهَا وَرَادُّوْهَا إِلَيْكَ. اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ. وَمَا نُؤَخِّرُهٗ إِلَّا لِأَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ. قُلْ تَرَبَّصُوا الْأَجَلَ وَإِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ. وَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْحَقِّ أَهٰذَا الَّذِيْ كَذَّبْتُمْ بِهٖ أَمْ كُنْتُمْ عَمِيْنَ."

(آئینہ کمالاتِ اسلام صفحہ ۵۷۶۔ روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۵۷۶)

**١٨٩٣ء**

(ا) وَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنِّيْ أَخْرَجْتُ جَوَادِيْ لِبَعْضِ مُرَادِيْ وَمَا أَدْرِيْ أَيْنَ تَاقَنِيْ وَإِلٰى أَمْرٍ مَطْلَبِيْ. وَكُنْتُ أُحِسُّ فِيْ قَلْبِيْ أَنَّنِيْ لِأَمْرٍ مِّنَ الْمَشْغُوْفِيْنَ. فَامْتَطَيْتُ أَجْرَدِيْ بِاسْتِصْحَابِ بَعْضِ السِّلَاحِ مُتَوَكِّلًا عَلَى اللّٰهِ كَمُتَوَكِّلٍ أَهْلِ الصَّلَاحِ. وَسِرْتُ إِلَيْهِ كَالْمُتَبَاطِئِيْنَ. ثُمَّ وَجَدْتُنِيْ كَأَنِّيْ عَثَرْتُ عَلٰى خَيْلٍ قَصَدُوْا مُسْتَلْحِقِيْنَ دَارِيْ لِإِهْلَاكِيْ وَتَبَارِيْ وَكَأَنَّهُمْ يَجِيْئُوْنَ لِإِضْرَارِيْ مُتَخَرِّطِيْنَ. وَكُنْتُ وَحِيْدًا وَمَعَ ذٰلِكَ رَأَيْتُنِيْ أَنِّيْ لَا أَبْأَسُ مِنْ خَوْفٍ غَيْرِ عَدَدٍ وَجَدْتُهَا مِنَ اللّٰهِ كَعَوْذٍ. وَقَدْ أَبْغَتْ أَنْ أَلُوْذَ مِنَ الْقَاعِدِيْنَ وَالْمُتَخَلِّفِيْنَ الْخَائِفِيْنَ فَانْطَلَقْتُ مُجِدًّا إِلٰى جِهَةٍ مِّنَ الْجِهَاتِ.

(ترجمہ از مرتب) اور میرے ربّ نے مجھے مبارکباد دی اور فرمایا ہم اس کے خاوند کو (بھی) ہلاک کریں گے جیسا کہ ہم نے اس کے باپ کو ہلاک کیا اور اس (لڑکی) کو تیری طرف لوٹائیں گے۔ تیرے ربّ کی طرف سے (یہ) سچ ہے پس تو شک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ اور ہم اسے صرف گنتی کی مدت کے لئے تاخیر کریں گے۔ کہہ اس وعدہ کی انتظار کرو اور میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔ اور جب خدا کا وعدہ آئے گا تو تب کہا جائے گا کیا یہ وہی ہے جس کو تم نے جھٹلایا تھا یا تم اندھے تھے۔

یہاں مرزے کا خدا اسے ایک بار پھر جھوٹی تسلیاں دے رہا ہے کہ

1۔ وہ محمدی کے خاوند کو بھی ہلاک کرے گا۔

2۔ اور محمدی کو مرزے کی طرف لوٹائے گا۔

(تذکرہ، ص 181)

کسی قسم کا تعلق مجھ سے باقی نہیں رہا۔ اور ڈرتا ہوں کہ ایسے دینی دشمنوں سے پیوند رکھنے
میں معصیت نہ ہو۔ لہٰذا میں آج کی تاریخ کہ دوسری مئی ۱۸۹۱ء ہے۔ عوام اور خواص پر
بذریعہ اشتہار ہذا ظاہر کرتا ہوں کہ اگر یہ لوگ اس ارادہ سے باز نہ آئے۔ اور وہ تجویز جو
اس لڑکی کے ناطہ اور نکاح کرنے کی اپنے ہاتھ سے یہ لوگ کر رہے ہیں اس کو موقوف نہ
کر دیا۔ اور جس شخص کو انہوں نے نکاح کے لئے تجویز کیا ہے اس کو رد نہ کیا بلکہ اسی
شخص کے ساتھ نکاح ہو گیا تو اسی نکاح کے دن سے سلطان احمد عاق اور محروم الارث
ہوگا اور اسی روز سے اس کی والدہ پر میری طرف سے طلاق ہے۔ اور اگر اس کا بھائی
فضل احمد جس کے گھر میں مرزا احمد بیگ والد لڑکی کی بھانجی ہے اپنی اس بیوی کو اسی
دن جو اس کو نکاح کی خبر ہو طلاق نہ دیوے تو پھر وہ بھی عاق اور محروم الارث ہوگا
اور آئندہ ان سب کا کوئی حق میرے پر نہیں رہے گا۔ اور اس نکاح کے بعد تمام
تعلقات خویشی و قرابت و ہمدردی دور ہو جائیں گے۔ اور کسی نیکی، بدی، رنج راحت
شادی اور ماتم میں ان سے شراکت نہیں رہے گی کیونکہ انہوں نے آپ تعلق توڑ دیئے
اور توڑنے پر راضی ہو گئے۔ سو اب ان سے کچھ تعلق رکھنا قطعاً حرام اور ایمانی غیرت
کے برخلاف اور ایک دیوثی کا کام ہے۔ مومن دیوث نہیں ہوتا۔

چوں نہ بود خویش را دیانت و تقوے ۔ قطع رحم بہ از مودت قربے

والسلام علی من اتبع الہدیٰ

المشتہر

مرزا غلام احمد لودیانہ

دوسری مئی ۱۸۹۱ء مطبع ریاض ہند

## عاشقِ نامُراد نے محمدی بیگم کے غمِ عشق میں اپنی بہو کو طلاق دِلوا دی۔

محمدی بیگم سے شادی کی مخالفت کرنے پہ مرزے نے اپنے رشتے داروں کو خوب ڈرایا دھمکایا۔ اپنے بیٹے سلطان احمد کو عاق کرنے اور اسکی والدہ حرمت بی بی کو طلاق دینے کی دھمکی دی۔ دوسرے بیٹے فضل احمد کو بھی دھمکی دی کہ اگر اس نے اپنی بیوی (جو کہ محمدی کے والد کی بھانجی بھی تھی) کو محمدی کے نکاح کی خبر ملتے ہی طلاق نہ دی تو وہ بھی عاق اور محروم الارث ہو گا۔ (مجموعہِ اشتہارات 1، ص 221)

مرزائیو! یہ تمھارا کیسا نبی تھا جو بڑھاپے میں ایک کم عمر بچی کے عشق میں پاگل ہو کر اپنی بیوی کو طلاق دے بیٹھا۔ اپنی اولاد کو عاق کرنے کی دھمکیاں دیتا رہا۔ اپنی بہو تک کو طلاق دلوا کر اپنے بیٹے کا گھر برباد کروا دیا؟

پیدا ہوا۔ مرزا غلام حسین کی بیوہ مسماۃ امام بی بی مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کی بہن تھی۔ اس لئے مرزا احمد بیگ نے اپنی بہن امام بی بی اور مرزا نظام الدین اور مرزا امام الدین وغیرہ کے مشورہ سے یہ کوشش کی کہ غلام حسین مذکور کا ترکہ اپنے لڑکے یعنی محمدی بیگم کے بڑے بھائی محمد بیگ کے نام کروا لے مگر یہ بغیر رضامندی حضرت مسیح موعود نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے ناچار مرزا احمد بیگ حضرت صاحب کی طرف رجوع ہوا اور بڑی عاجزی اور اصرار کے ساتھ آپ سے درخواست کی کہ آپ اس معاملہ میں اپنی اجازت دے دیں۔ قریب تھا کہ حضرت صاحب تیار ہو جاتے مگر پھر اس خیال سے کہ اس معاملہ میں استخارہ کر لینا ضروری ہے رُک گئے اور بعد استخارہ جواب دینے کا وعدہ فرمایا۔ چنانچہ اس کے بعد مرزا احمد بیگ کی بار بار کی درخواست پر حضرت صاحب نے اس بارہ استخارہ فرمایا تو جواب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ الہامات ہوئے جو محمدی بیگم والی پیشگوئی کا بنیادی پتھر ہیں گویا ان لوگوں کو نشان دکھانے کا وقت آ گیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ احمد بیگ کی دختر کلاں محمدی بیگم کیلئے ان سے تحریک کر۔ اگر انہوں نے مان لیا تو ان کیلئے یہ ایک رحمت کا نشان ہوگا اور یہ خدا کی طرف سے بے شمار رحمت و برکت پائیں گے اور اگر انہوں نے انکار کیا تو پھر خدا ان کو عذاب کا نشان دکھائے گا اور ان پر مختلف قسم کی آفات اور مصیبتیں آئیں گی اور اس صورت میں والد اس لڑکی کا لڑکی کے کسی اور جگہ نکاح کئے جانے کی تاریخ سے تین سال کے اندر اندر ہلاک ہو جائے گا اور جس سے نکاح ہوگا وہ بھی اڑھائی سال میں مر جائے گا۔ (نیز دیکھو روایت نمبر ۱۳۱) یہ اصل پیشگوئی تھی جو اس وقت کی گئی اب اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس پیشگوئی کی اصل غرض محمدی بیگم کے والد اور ماموؤں کی بار بار کی درخواست پر ایک نشان دکھانا تھی نہ کہ کچھ اور۔ نیز یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ پیشگوئی اظہار قدرت الٰہی کے ماتحت تھی نہ کہ اظہار رحم الٰہی کے لئے۔ کیونکہ پیشگوئی میں صاف موجود تھا کہ اگر مان لوگے تو یوں ہوگا اور اگر انکار کروگے تو یوں ہوگا گویا خدا کو اپنا اقتدار دکھانا منظور تھا۔ منشاء الٰہی میں یہ تھا کہ یہ دکھائے کہ حضرت مسیح موعود اور جو بھی آپ کے ساتھ عقیدت مندانہ تعلق رکھے گا وہ خدا سے رحمت اور برکت پائے گا اور جو آپ کی عداوت میں کھڑا ہوگا وہ خدا کے عذاب کا مورد ہوگا۔ چنانچہ اس پیشگوئی کا اعلان ہو گیا اور دنیا دیکھ چکی ہے کہ اس خاندان نے خدائی منشاء

# محمدی بیگم سے شادی کے لیے شیطانی چال

مرزا احمد بیگ (محمدی کا والد) کو جائیداد کے کاغذات پہ مرزا قادیانی کے دستخط کی ضرورت تھی۔ مرزے کو اندازہ ہوا کہ یہ کام اسکے دستخط کے بغیر ممکن نہیں تو اُس نے محمدی بیگم کے والد کو بلیک میل کرنے کے لیے جھوٹی پیشگوئی گھڑی کہ خدا نے کہا ہے کہ احمد بیگ اپنی بیٹی محمدی کا نکاح تجھ سے (مرزا قادیانی سے) کرے اور اگر انکار کیا تو احمد بیگ 3 سال میں مر جائے گا اور جس سے محمدی بیگم کی شادی ہو گی وہ شخص بھی شادی کے روز سے اڑھائی سال کے اندر مر جائے گا۔ (سیرت المہدی ج1، ص179)

پیشگوئی کے وقت کہیں بھی مرزے نے یہ نہیں کہا تھا کہ توبہ کی صورت میں پیشگوئی ٹل جائے گی یا محمدی کے شوہر کی موت ٹل جائے گی۔ بلکہ کہا تھا کہ محمدی کا نکاح میں آنا تقدیرِ مبرم ہے۔

ittps://www.alislam.org/l

